سنن دارمی شریف

تالیف
شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن بن الفضل بن بهرام الدارمي

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمه
حامل الراية في ميدان التحقيق
حائز قصب السبق في مضمار التدقيق

ابو العلاء محمد محي الدين جهانگير

وفقه الله تعالى خير التوفيق
هو نعم المولى ونعم الرفيق

شبیر برادرز

سنن دارمی شریف

جلد اوّل

تالیف

شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بھرام الدارمي

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ :

حامل الرایة فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالیٰ خیر التوفیق

ھو نعم المولیٰ ونعم الرفیق

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

نام کتاب ـــــ سنن دارمی شریف جلد اول

تصنیف ـــــ الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن

مترجم ـــــ ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ـــــ ورڈز میکر

باہتمام ـــــ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ـــــ مارچ 2008ء

پروف ریڈنگ ـــــ غلام علی اعوان (ایم فل، فاضل درس نظامی)

سرورق ـــــ باھو گرافکس لاہور

طباعت ـــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ (مکمل سیٹ دو جلدیں) [redacted] روپے

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی اگر آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

207 - اَخْبَرَنِی الْعَبَّاسُ بْنُ سُفْیَانَ عَنْ زَیْدِ بْنِ حُبَابٍ اَخْبَرَنِیْ رَجَاءُ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَةَ بْنَ اَبِیْ لُبَابَةَ یَقُوْلُ قَدْ رَضِیتُ مِنْ اَهْلِ زَمَانِیْ هٰؤُلَاءِ اَنْ لَّا یَسْاَلُوْنِیْ وَلَا اَسْاَلُهُمْ اِنَّمَا یَقُوْلُ اَحَدُهُمْ اَرَاَیْتَ اَرَاَیْتَ

☆☆ رجاء بن ابوسلمہ بیان کرتے ہیں میں نے عبدہ بن ابولبابہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ میں اپنے زمانے سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے اس بات سے راضی ہوں کہ وہ نہ مجھ سے کوئی سوال کریں اور نہ میں ان سے کوئی سوال کروں کیونکہ ان میں سے ہر شخص یہی کہتا ہے آپ کی کیا رائے ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے۔

208 - اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا خَطًّا ثُمَّ قَالَ هٰذَا سَبِیْلُ اللّٰهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوطًا عَنْ یَمِیْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ ثُمَّ قَالَ هٰذِهِ سُبُلٌ عَلٰی کُلِّ سَبِیْلٍ مِنْهَا شَیْطَانٌ یَدْعُوْ اِلَیْهِ ثُمَّ تَلَا (وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِکُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ)

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے ایک لکیر کھینچی اور ارشاد فرمایا' یہ اللہ کا راستہ ہے اور پھر آپ نے اس لکیر کے دائیں طرف اور بائیں طرف دوسری لکیریں کھینچیں اور ارشاد فرمایا یہ چند لکیریں ہیں جن میں سے ہر ایک پر ایک مخصوص شیطان موجود ہوتا ہے جو اس کی طرف دعوت دیتا ہے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''بے شک یہ میرا سیدھا راستہ ہے تم اس کی پیروی کرو اور (شیطان کے) راستوں کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تمہیں (اللہ تعالیٰ کے) راستے سے الگ کر دیگا''۔

209 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ) قَالَ الْبِدَعَ وَالشُّبُهَاتِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے) ''اور دوسرے راستوں کی پیروی نہ کرو' مجاہد ارشاد فرماتے ہیں اس سے مراد بدعت اور شبہات ہیں۔

210 - اَخْبَرَنَا الْحَکَمُ بْنُ الْمُبَارَکِ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ یَحْیٰی قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ کُنَّا نَجْلِسُ عَلٰی بَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَبْلَ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ فَاِذَا خَرَجَ مَشَیْنَا مَعَهُ اِلَی الْمَسْجِدِ فَجَاءَنَا اَبُوْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیُّ فَقَالَ اَخَرَجَ اِلَیْکُمْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قُلْنَا لَا بَعْدُ فَجَلَسَ مَعَنَا حَتّٰی خَرَجَ فَلَمَّا خَرَجَ قُمْنَا اِلَیْهِ جَمِیْعًا فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ مُوْسٰی یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنِّیْ رَاَیْتُ فِی الْمَسْجِدِ اٰنِفًا اَمْرًا اَنْکَرْتُهٗ وَلَمْ اَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اِلَّا خَیْرًا قَالَ فَمَا هُوَ

حدیث **208**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 11

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 4142

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 7

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 2938

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 11174

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/ 1988ء — 1141